**URDU CORE (CODE – 303)**

**SAMPLE QUESTION PAPER (Revised)***

**CLASS XII (2025-26)**

**Time: 3 Hours** **M.M. 80**

**نوٹ:** سبھی سوالات غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔

## Section A - (حصہ (الف

**سوال نمبر1: درج ذیل دو غیر درسی اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔** [1x10=10]

**(A)** اردو کے بے شمار شاعر ہیں جن میں علامہ سر محمد اقبال کو اہمیت کا مقام حاصل ہے۔وہ 9 ،نومبر 1877 کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے لاہور میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی اس کے بعد یورپ چلے گئے انگلستان سے قانون کی ڈگری اور جرمنی سے فلسفے میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ علامہ اقبال نے بہت جلد غزلیں کہنی شروع کیں اور نواب مرزا داغؔ سے اصلاح لی۔ کچھ عرصے کے بعد انہوں نے روایتی شاعری ترک کر کے شاعری کو پیغام اور فکر کے اظہار کا ذریعہ بنایا۔ وہ حرکت و عمل اور خودی کی تعلیم دیتے ہیں۔ اسی لیے وہ ان خوبیوں کو انسانیت کی بقا کے لیے ضروری سمجھتے ہیں۔ ان کے کلام میں زور بیان اور موسیقیت ہے۔ اقبال کو بیسویں صدی کا سب سے بڑا شاعر کہا گیا ہے۔ 'بانگ درا' ان کا پہلا شعری مجموعہ ہے جس کی نظمیں خصوصاً بچوں کے لئے لکھی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ 'بال جبریل'، 'ضرب کلیم' اور 'ارمغان حجاز' ان کے شعری مجموعے ہیں جسے بعد میں کلیات کی شکل میں شائع کیا گیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| I- | علامہ اقبالؔ کب اور کہاں پیدا ہوے؟ | 1 |
| II- | علامہ اقبالؔ نے شاعری کے ذریعہ کیا تعلیم دی ؟ | 1 |
| III- | علامہ اقبال نے شاعری میں کس شاعر سے اصلاح لی؟ | 1 |
| IV- | علامہ اقبال نے قانون اور فلسفے کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟ | 1 |
| V- | علامہ اقبال کے شعری مجموعوں کے نام لکھیئے؟ | 1 |

(B) جو بات علم کے ذریعہ تک پہنچتی ہے یا ذہن میں اُترتی ہے اس کو تعلیم کہتے ہیں۔ تعلیم کا تعلق کسی چیز کی واقفیت حاصل کرنے سے ہے۔ حاصل کی ہوئی واقفیت یا علم پر عمل کرنے کا نام تربیت ہے، تعلیم دولت ہے اور تربیت اس کا صحیح استعمال ہے۔ تعلیم اور تربیت کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہے۔ تعلیم کے بغیر اچھی تربیت ممکن نہیں ہے اور تربیت کے بغیر تعلیم بے کار ہے، یعنی تعلیم اور تربیت کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ اس میں شک نہیں کہ علم دنیا میں ایک بڑی نعمت ہے۔ یہ ایسی لازوال دولت ہے جو زندگی کی آخری سانس تک انسان کے ساتھ رہتی ہے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ اپنی اولاد کو بہتر تعلیم دے اور اس کے ساتھ ساتھ اس کی اچھی تربیت کا بھی خیال رکھے کیونکہ بچّوں کی تعلیم و تربیت کی بنیاد ان کے والدین کے ہاتھوں رکھی جاتی ہے۔''

I. تعلیم کسے کہتے ہیں؟ 1

II. تربیت کسے کہتے ہیں؟ 1

III. کیا تعلیم کے بغیر اچھی تربیت ممکن ہے؟ 1

IV. علم کی دولت کیسی ہے؟ 1

V. بچّوں کی تعلیم و تربیت کی بنیاد کون رکھتا ہے؟ 1

**سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔** [1x10=10]

(i) یوم آزادی (ii) پسندیدہ استاد (iii) میرا نصب العین

**سوال نمبر 3: (A) کلاس کا سیکشن تبدیل کرنے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔** [1x8=8]

**یا**

**(B) اپنے والد کو خط لکھیے اور انہیں دن بھر کی اپنی مصروفیات بتائیے۔**

**سوال نمبر 4: درج ذیل عبارت کا خلاصہ لکھیے اور اس کا مناسب عنوان بھی بتائیے۔** [5+2=7]

تندرستی کا مطلب بیماری سے دور اپنی طاقت اور توانائی کو قائم رکھنا ہے۔ تندرستی ہی کی وجہ سے انسان کے جسم کے تمام اعضا ٹھیک ڈھنگ سے کام کرتے ہیں۔ جہاں تندرستی میں ذرا خلل پڑا تو ہم طرح طرح کی بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ہمیں اپنی تندرستی کو بحال کرنے کے لیے دواؤں کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ مختلف ورزشیں کرنی پڑتی ہیں۔ ایک مخصوص قسم کا کھانا کھانا پڑتا ہے۔ کبھی ہم گھی سے پرہیز کرتے ہین، کبھی شکر سے دور بھاگتے تھے، کبھی نمک سے خوف آتا ہے۔ انگریزی کا مقولہ ہے کہ احتیاط دواؤں سے بہتر ہے۔ اگر ہم متوازن غذائیں لیں، جسم کو صاف ستھرا رکھیں اور وقت پر سوئیں اور وقت پر جاگیں، صبح و شام کھلی ہوا میں سیر کریں اور پابندی سے ورزش کریں یا کھیل میں حصہ لیں تو ہم اپنی تندرستی کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔

**سوال نمبر 5: درج ذیل محاوروں میں سے کسی پانچ کے معنی لکھیے اور انہیں جملوں میں استعمال کیجئے۔ [2x5=10]**

(i) بغلیں بجانا، (ii) فتنہ کھڑا کرنا، (iii) طوطی بولنا، (iv) تعزیت کرنا،

(v) جوے شیر لانا، (vi) منہ میں جوتیاں چٹخانا، (vii) عاقبت خراب ہونا، (viii) مجرا بجالانا

## حصہ (ب) - Section B

**سوال نمبر 6: مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوال کے جواب لکھیئے۔ [1+1+1+2+2=7]**

اس کے بعد پروفیسر بخش کے آنے کی اطلاع ہوئی۔ ان کے نام نامی سے کون واقف نہیں۔ سعید منزل کے سامنے بیٹھتے ہیں اور قسمت کا حال بتاتے ہیں۔ نام کریم بخش ہے اور پروفیسر بننے سے پہلے ہمارے ایک عزیز کے ہاں خانساماں تھے۔ ڈاکٹری طریقہ علاج کے متعلق کچھ چار حرفی ناقابل طباعت کلمات ارشاد فرمائے۔ اس کے بعد تشخیص کی اور کہا تمہارے جسم میں شکر کی کمی ہے اور گلا خراب ہے۔ اپنے مجربات میں سے ایک چیز بھیجنے کا وعدہ کیا جو مینڈک کی چربی، گندھک اور لال ٹڈے کے انڈوں سے بنتی ہے۔ اور الو کے مغز کے ساتھ نہار منہ کھانی پڑتی ہے یہ بھی اٹھتے ہوئے ٹیلی فون پر ایک جگہ آرڈر دے گئے کہ ادھا سیر گھی کوار اور نیولے مجھے کل فٹ ہاتھ پر بھجوا دیے جائیں۔

i. یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

ii. پروفیسر بخش کا پورا نام لکھیے؟

iii. مصنف نے پروفیسر بخش کا کس طرح تعارف کرایا؟

iv. پروفیسر بخش نے مصنف کی کیا تشخیص کی؟

v. تشخیص اور مجرہات کے معنی لکھیے؟

**سوال نمبر 7: (A) مرزا غالب کی خطوط نگاری کی خصوصیات لکھیے۔** [1x5=5]

**یا (Or)**

**(B) لتا منگیشکر کی مقبولیت کا راز لکھیے۔**

**سوال نمبر 8: درج ذیل سوالات میں سے صرف چار کے جواب لکھیئے۔** [2x4=8]

i. میگھالیہ کی راجدھانی کا نام شیلانگ کیوں رکھا گیا ہے؟

ii. قورمہ سے متعلق مصنف نے کیا خیال پیدا کیا ہے؟

iii. ہمت رائے نے رائے صاحب کو کیا خبر سنائی؟

iv. قلم کو دیکھ کر چچا چھکن کیوں ناراض ہوئے؟

v. میرن صاحب نے غالب کو مجروح کی صحت کے بارے میں کیا بتایا؟

vi. جلوس نے بادشاہ سے کیا انعام پایا؟

vii. ہم جولی نے میر صاحب کے بارے میں کیا بتایا؟

viii. مصنف کے بھائی نے مزاج پرسی کرنے والوں کے لیے فون کی پابندی پر کیا نوٹس لگایا؟

**سوال نمبر 9: (A) 'ساحر لدھیانوی' کے شاعری کی خصوصیات لکھیے۔** [5x1=5]

**یا (Or)**

**(B) مثنوی اپنے "گھر کا حال" کا خلاصہ لکھیے۔**

**سوال نمبر 10: درج سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔** [5x1=5]

1. مثنوی اپنے گھر کا حال میں شاعر نے گھر کو راستہ کیوں کہاں ہے؟
2. نظم ''پرچھائیاں'' کا کیا موضوع ہے؟
3. ساحر لدھیانوی کا اصل نام کیا ہے؟
4. ہمارا خون کس کی امانت ہے؟
5. مثنوی کس زبان کا لفظ ہے؟

**سوال نمبر 11: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب کی نشاندہی کیجئے۔** [1x5=5]

i. نظم کے معنی ہیں۔

A. انتظام

B. ترتیب

C. آرائش

D. اوپر کے سبھی

ii. میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟

A. لکھنؤ

B. آگرہ

C. دہلی

D. علی گڑھ

iii. ذرا فون کر لوں کا تعلق کس صنف سے ہے؟

A. افسانہ

B. انشائیہ

C. ڈرامہ

D. مضمون

iv. ’’کیوں صاحب روٹھے ہی رہو گے‘‘ غالب نے کسے لکھا تھا؟

A. مرزا ہر گوپال تفتہ کو

B. میر مہدی مجروح کو

C. میرن صاحب کو

D. میر سرفراز کو

v. شیلانگ کو پہاڑوں کی ------ کہا جاتا ہے۔

A. رانی

B. ندی

C. ملکہ

D. پیشانی